Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

StudentBounty.com

# اُردو اختیاری ایچ ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اُردو کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ ہندی ب۔ عربی

ج۔ فارسی د۔ ترکی

(ii) ' قصہ خواجہ سگ پرست کا ' کس داستان سے اقتباس ہے؟

الف۔ آرائشِ محفل ب۔ باغ و بہار

ج۔ فسانۂ عجائب د۔ رانی کیتکی کی کہانی

(iii) 'فسانۂ عجائب' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ رجب علی بیگ سرورؔ ب۔ حیدر بخش حیدری

ج۔ میر اَمن دہلوی د۔ انشاءاللہ خاں انشا

(iv) مرزا رُسوا کی وجہِ شہرت کیا ہے؟

الف۔ شاعری ب۔ مضمون نگاری

ج۔ افسانہ نگاری د۔ ناول نگاری

(v) '' خدا کی بستی '' اور '' جانگلوس '' کس کی تصانیف ہیں؟

الف۔ غلام عباس ب۔ شوکت صدیقی

ج۔ میرزا ادیب د۔ پریم چند

(vi) مختصر افسانے کی بنیادی شرط کیا ہے؟

الف۔ طوالت ب۔ وحدتِ تاثر

ج۔ مناظرِ فطرت د۔ تجسس

(vii) افسانہ 'زیور کا ڈبا' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ غلام عباس ب۔ ممتاز مفتی

ج۔ پریم چند د۔ اشفاق احمد

(viii) سر سیّد احمد خاں نے مسلمانوں کی تہذیب و اصلاح کے لیے کس رسالے کا اجراء کیا؟

الف۔ مخزن ب۔ نیرنگِ خیال

ج۔ نقوش د۔ تہذیب الاخلاق

(ix) ' مقدمۂ شعر و شاعری ' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

الف۔ شاعری ب۔ افسانہ

ج۔ تنقید د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(x) خدیجہ مستور کی کس کتاب کو 'آدم جی ادبی ایوارڈ' دیا گیا؟

الف۔ زمین ب۔ بوچھاڑ

ج۔ آنگن د۔ ٹھنڈا میٹھا پانی

www.StudentBounty.com

(xi) '' حمد '' کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ اُردو　　ب۔ عربی

ج۔ فارسی　　د۔ انگریزی

(xii) ہر شعر کے آخر میں آنے والے ہم آواز اور ہم وزن الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مطلع　　ب۔ مقطع

ج۔ ردیف　　د۔ قافیہ

(xiii) شاعری میں امیؔر مینائی کو کس صنفِ سخن نے شہرت عطا کی؟

الف۔ نعت گوئی　　ب۔ غزل

ج۔ مثنوی　　د۔ مرثیہ

(xiv) فیضؔ کس کالج کے پرنسپل رہے؟

الف۔ ایم او کالج، امرتسر　　ب۔ گورنمنٹ کالج، لاہور

ج۔ عبداللہ ہارون کالج، کراچی　　د۔ کسی کالج کے نہیں

(xv) میر انیسؔ کا مرثیہ 'شوقِ شہادت' ہیئت کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ رباعی　　ب۔ مخمس

ج۔ مثنوی　　د۔ مسدّس

(xvi) علامہ اقبالؔ آل انڈیا مسلم لیگ کے صدر کس سال منتخب ہوئے؟

الف۔ 1925ء　　ب۔ 1928ء

ج۔ 1930ء　　د۔ 1932ء

(xvii) '' شاعرِ فطرت ''، ' شاعرِ شباب '' اور '' شاعرِ انقلاب '' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ احسانؔ دانش　　ب۔ جوشؔ ملیح آبادی

ج۔ علامہ اقبالؔ　　د۔ اکبر الہ آبادی

(xviii) فردوسیؔ کے 'شاہنامہ' کے انداز میں اردو میں '' شاہنامۂ اسلام ' کس شاعر نے لکھا ہے؟

الف۔ حفیظ جالندھری　　ب۔ اسماعیل میرٹھی

ج۔ علامہ اقبالؔ　　د۔ حفیظ ہوشیار پوری

(xix) ' زندگی سے ڈرتے ہو ' کس شاعر کی نمائندہ نظم ہے؟

الف۔ خوشی محمد ناظر　　ب۔ ن۔م۔راشد

ج۔ فیض احمد فیضؔ　　د۔ مجید امجدؔ

(xx) درج ذیل کتب میں سے فیض احمد فیضؔ کا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

الف۔ شبِ رفتہ　　ب۔ ماورا

ج۔ نقشِ فریادی　　د۔ سوز و ساز

برائے ممتحن : 　　کُل نمبر: 20　　حاصل کردہ نمبر:



www.StudentBounty.com

80

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ 'توبۃ النصوح' کے حوالے سے ڈپٹی نذیر احمد کی ناول نگاری کی نمایاں خصوصیات کا تعین کیجیے۔ (یا) (12)

'نذیر احمد کی غیر معتدل مقصدیت اور جوشِ اصلاح فن پر غالب ہے'۔ توبۃ النصوح کی روشنی میں تائید یا تردید کیجیے۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) 'خدا کی بستی' میں ماں باپ کا جو کردار نظر آتا ہے، اسے اپنے الفاظ میں لکھیں۔

(ii) پرکاش نے زیور کا ڈبا کس جذبے کے تحت چوری کیا؟

(iii) نظم 'جوگی' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

(iv) مولانا حالیؔ نے شاعری کے لیے کیا شرائط ضروری قرار دی ہیں؟

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ " رات کو جب وہ کھلے آسمان کے نیچے اپنے گھر کی چھت پر اکیلا بستر پر کروٹیں بدل رہا تھا تو اُس سنگِ مرمر کے ٹکڑے کا ایک مصرف اُس کے ذہن میں آیا۔ خدا کے کارخانے عجیب ہیں۔ وہ بڑا غفور الرحیم ہے۔ کیا عجب اس کے دن پھر جائیں۔ وہ کلرک درجہ دوم سے ترقی کر کے سپرنٹنڈنٹ بن جائے اور اس کی تنخواہ چالیس سے بڑھ کر چار سو ہو جائے۔۔۔ یہ نہیں تو کم سے کم ہیڈ کلرک ہی سہی۔ پھر اسے ساجھے کے مکان میں رہنے کی ضرورت نہ رہے بلکہ وہ کوئی چھوٹا سا مکان لے لے اور اس مرمریں ٹکڑے پر اپنا نام کندہ کرا کے دروازے کے باہر نصب کر دے۔"

ب۔ " دوسری قوموں کی رسومات کا اختیار کرنا اگرچہ بے تعصبی اور دانائی کی دلیل ہے مگر جب وہ رسمیں اندھے پن سے صرف تقلید ابغیر سمجھے بوجھے اختیار کی جاتی ہیں تو کافی ثبوت نادانی اور حماقت کا ہوتی ہیں۔ دوسری قوموں کی رسومات اختیار کرنے میں اگر ہم دانائی اور ہوشیاری سے کام کریں تو اس قوم سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکتے ہیں، اس لیے کہ ہم کو اُس رسم سے تو موانست نہیں ہوتی اور اس سبب سے اُس کی حقیقی بھلائی یا برائی پر غور کرنے کا، بشرطیکہ ہم تعصب کو کام میں نہ لاویں، بہت اچھا موقع ملتا ہے۔"

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اُس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اُس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے ہیں، سچّا ایک نام اُس کا
ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا

ب۔
جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور
رخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے
شاخِ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو
ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے
مِلّت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ
پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ

سوال نمبر۶۔ نظیر اکبرآبادی نے نظم 'برسات کی بہاریں' میں برسات کا جو منظر بیان کیا ہے، اسے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (یا) (9)

نظم 'زندگی سے ڈرتے ہو' کا فکری و فنی جائزہ لیں۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ سر سید احمد خاں کی ادبی خدمات — ب۔ اقبالؔ اور نوجوان نسل

ج۔ پطرس بخاری کی مزاح نگاری — د۔ میرا پسندیدہ ناول

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ مختصر افسانہ — ب۔ انشائیہ

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ مرثیہ — ب۔ آزاد نظم

www.StudentBounty.com